بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

نمبر1231461۔ایس ای/اے سی ایس　　مورخہ13-01-2025

اظہار دلچسپی

امتحانی امور کی ادائیگی میں اساتذہ کی شراکت

جملہ اساتذہ کرام آگاہ ہیں کہ بورڈ اپنے تمام تر امتحانات کے انعقاد، مارکنگ اور نتائج کی تیاری میں معزز اساتذہ کرام کی خدمات مستعار لیتا ہے اور اساتذہ کے اس کردار اور خدمات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔

پریس ریلیز کے ذریعے جملہ اساتذہ کرام (سکول/ کالج) کی خدمت میں یہ گزارش کرنا مقصود ہے کہ بورڈ کو جملہ امتحانی و دیگر امور کی انجام دہی کے لئے معزز اساتذہ کی خدمات درکار ہیں اور اس سلسلے میں بورڈ ایک مکمل ڈیٹا بیس بنانے میں دلچسپی رکھتا ہے تاکہ بوقت ضرورت آپ کی خدمات حاصل کی جاسکیں۔

اگر آپ کسی بھی حیثیت سے مارکنگ ڈیوٹی (پیپر سیٹرز/ ہیڈ ایگزامینرز/ سب ایگزامینرز/ اسسٹنٹ ٹو ہیڈ ایگزامینرز) کے لئے اپنی خدمات پیش کرنے کے خواہش مند ہیں تو اپنے درست کوائف بشمول انٹرنیشنل بنک اکاؤنٹ نمبر(IBAN) بورڈ کی ویب سائٹ کے لنک https://services.bisegrw.edu.pk/marking_form/ پر اپ لوڈ کر دیں تاکہ بورڈ ڈیوٹی تفویض کرنے میں آسانی ہو۔سال2024 میں چند اساتذہ کرام نے اپنے انٹرنیشنل بنک اکاؤنٹ نمبر(IBAN) درست اپ لوڈ نہیں کئے ایسے اساتذہ کرام کو دفتر بلا کر ان سے انٹرنیشنل بنک اکاؤنٹ نمبر(IBAN) درست کروائے گئے جس کی بناء پر اساتذہ کرام کا معاوضہ جات کی ادائیگی تاخیر کا شکار ہوئی۔

نوٹ: (i) جن اساتذہ کرام کو پہلے ہی(Board I.D) مختص کی جا چکی ہیں وہ بھی اپنے کوائف مندرجہ بالا لنک پر اپ ڈیٹ کر دیں۔

(ii) اپنے نام کے علاوہ کسی دوسرے فرد کا اکاؤنٹ نمبر اپ لوڈ کرنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری آپ پر ہوگی۔

(iii) ٹائم ٹیبل + پے سلپ۔ (جو سب ایگزامینر متعلقہ مضمون نہم + دہم کو پڑھا رہے ہیں صرف ان کو مارکنگ کی اجازت ہوگی)

(iv) بی اے/ بی ایس سی/ بی ایس کی ڈگری بھی مہیا کی جائے۔

(v) ہارڈ کاپی بھی سیکریسی برانچ کو مہیا کی جائے۔

(vi) مطلوبہ بائیو ڈیٹا اپ لوڈ نہ کرنے کی صورت میں مارکنگ کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

(پروفیسر محمد نعیم بٹ)

کنٹرولر امتحانات

کاپی برائے اطلاع:

۱۔ جناب ڈائریکٹر کالجز گوجرانوالہ ڈویژن، گوجرانوالہ۔

۲۔ جناب چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) گوجرانوالہ (حافظ آباد، گجرات، منڈی بہاؤالدین، سیالکوٹ، نارووال)

۳۔ جملہ سربراہان (سکولز/ کالجز) ملحقہ گوجرانوالہ بورڈ

۴۔ داخلی تقسیم　　۵۔ سسٹم اینالسٹ (ویب سائٹ)